# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: سائنس　　　　　(حصہ الف)　　　　　کل وقت: 1.20 گھنٹہ

## کثیر الانتخابی سوالات

**خصوصی ہدایات:**

اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔

1- فرٹیلائزیشن کے نتیجے میں سب سے پہلے بنتا ہے

(a) زائیگوٹ ✓　(b) اوویول　(c) بیج　(d) پھل

2- غیر جنسی تولید سے نئے پودے اُگائے جاسکتے ہیں

(a) پولی نیشن اور فرٹیلائزیشن سے　(b) تنے اور جڑ سے　(c) پتے اور جڑ سے　(d) تنے اور پتوں سے ✓

3- نظام دوران خون سے ہمیں پتہ چلتا ہے

(a) جسم میں مختلف افعال میں ربط کا ✓　(b) دانتوں کی صفائی کا

(c) آکسیجن کا سیلز تک پہنچنے کا　(d) انسانی جسم میں ہڈیوں کے فریم کا

4- دل اور پھیپھڑوں کی حفاظت کا ذریعہ ہیں؟

(a) آنتیں　(b) گردے　(c) پسلیاں ✓　(d) مسلز

5- میریسمس (Marasmus) کی بیماری کی وجہ ہوتی ہے۔

(a) وٹامن کی زیادتی　(b) وٹامن کی کمی ✓　(c) پروٹین کی زیادتی　(d) پروٹین کی کمی

-6 جانداروں کے ناپید ہونے کی بڑی وجہ ہے:

(a) انسانی آبادی میں اضافہ (b) جانوروں کا زیادہ شکار ✓ (c) زیادہ گرم موسم (d) زیادہ سرد موسم

-7 پاکستان میں ناپید ہونے والے جانور ہیں:

(a) گینڈا اور ایشیائی شیر (b) ایشیائی شیر اور برفانی چیتا ✓ (c) اڑیال اور ایشیائی شیر (d) گینڈا اور اڑیال

-8 کیمیائی تبدیلی ہے:

(a) موم کا پگھلنا (b) موم بتی کا جلنا (c) مکھن کا پگھلنا (d) بخارات کا بننا ✓

-9 پودے کے تمام حصوں تک خوراک پہنچتی ہے:

(a) نمکیات سے (b) سورج کی روشنی سے ✓ (c) کاربن ڈائی آکسائیڈ سے (d) پانی سے

-10 پانی میں مکمل حل ہو جاتا / جاتی ہے:

(a) ریت (b) نمک ✓ (c) باریک کنکر (d) بیکٹیریا

-11 سمندر کی سطح پر بنی ہوئی تیل کی تہہ کونسی گیس کو حل ہونے سے روکتی ہے؟

(a) آکسیجن ✓ (b) ہائیڈروجن (c) نائیٹروجن (d) کاربن ڈائی آکسائیڈ

-12 ہیضہ ورٹائیفائیڈ کے پھیلنے کا باعث ہیں:

(a) کھادیں (b) کیڑے مار ادویات (c) سیوریج کا پانی ✓ (d) زہریلے مادے

-13 جب کسی گیند کو دیوار کے ساتھ مارا جائے تو اس پر کونسی قوت عمل کرتی ہے؟

(a) ایکشن اور ری ایکشن ✓ (b) فرکشنل (c) گریویٹیشنل (d) میکنیٹک

-14 کھلونا کار کو اگر چابی دے کر چھوڑا جائے تو انرجی کی کونسی قسم کس انرجی میں تبدیل ہوتی ہے؟

(a) الیکٹریکل سے حرکی ✓ (b) پوٹینشل سے حرکی (c) کیمیکل سے حرکی (d) حرکی سے پوٹینشل

-15 ٹیوب لائٹ کے چلنے میں انرجی استعمال ہوتی ہے:

(a) الیکٹریکل (b) میکینکل ✓ (c) کیمیکل (d) حرارتی

-16 اگر گرم پانی کو ٹھنڈے پانی میں ڈالا جائے تو دونوں کے ٹمپریچر پر اثرات ہونگے:

(a) گرم پانی کا ٹمپریچر بڑھے گا (b) ٹھنڈے پانی کا ٹمپریچر کم ہوگا ✓

(c) دونوں کا ٹمپریچر ایک جیسا ہو جائے گا (d) دونوں کے ٹمپریچر پر کوئی فرق نہیں پڑے گا

-17 ریلوے لائن کی پٹڑی کے دو ٹکڑوں کے درمیان جگہ چھوڑنے کی بڑی وجہ ہے:

(a) ہوا کے گزرنے کیلئے (b) پٹڑی کے سیدھا رکھنے کیلئے (c) پٹڑی کے پھیلنے کیلئے ✓ (d) پٹڑی کے سکڑنے کیلئے

-18 اگر کسی گیند کو ہوا میں پھینکا جائے تو یہ ہمیشہ:

(a) نیچے آتا ہے ✓ (b) اوپر جاتا ہے (c) دائیں جاتا ہے (d) بائیں جاتا ہے

-19 بجلی کے تاروں کو کھمبوں کے درمیان میں تھوڑا سا ڈھیلا رکھا جاتا ہے تا کہ وہ

(a) پھیل سکیں (b) سکڑ سکیں ✓ (c) کم کرنٹ ضائع کر سکیں (d) زیادہ کرنٹ گزار سکیں

-20 روشنی کے انعکاس میں درجہ ذیل ایک ہی پلین میں پائے جاتے ہیں:

(a) شعاع واقع، شعاع منعکس اور عمود ✓ (b) شعاع واقع، شعاع منعطف اور عمود

(c) شعاع منعکس، شعاع منعطف اور عمود (d) شعاع واقع، شعاع منعکس اور شعاع منعطف

21- جب دو چیزوں کو آپس میں رگڑا جائے تو کس ذرے کی تعداد میں کمی بیشی ہوتی ہے؟

(a) نیوٹران (b) پازیٹران (c) الیکٹران (d) پروٹان

22- آواز پیدا کرنے اس کے چلنے اور سنائی دینے کیلئے ضروری ہوتے ہیں:

(a) وائبریٹ کرنے والا جسم، خلا اور کان (b) وائبریٹ کرنے والا جسم، میٹریل میڈیم اور کان ✓

(c) ساکن جسم، خلا اور کان (d) ساکن جسم، میٹریل میڈیم اور کان

23- حامد کی آواز کا زاویہ وقوع اگر کسی دیوار پر "25 ہو تو اس کی آواز کا زاویہ انعکاس ہوگا:

(a) 15" (b) 20" (c) 25" ✓ (d) 30"

24- مٹی کی خصوصیات کا مطالعہ کرنے کو کہتے ہیں:

(a) ایکالوجی (b) سائیکالوجی (c) پیڈولوجی ✓ (d) زوالوجی

25- نامیاتی مادہ ہیومس (Humus) برقرار رکھتا ہے:

(a) مٹی میں نمی کو ✓ (b) مٹی میں ریت کو (c) مٹی اور ہوا کو (d) ہوا اور پانی کو

26- کولہے کی ہڈی اوپر سے جڑی ہوتی ہے:

(a) شانے کی ہڈی سے (b) ریڑھ کی ہڈی سے ✓ (c) ٹانگوں کی ہڈی سے (d) پسلیوں کی ہڈی سے

27- میگنٹ کے شمالی اور جنوبی سرے کی پہچان کے لئے عموماً رنگ استعمال ہوتے ہیں جو:

(a) سرخ اور سبز ہیں (b) سبز اور نیلا ہیں (c) نیلا اور پیلا ہیں (d) سرخ اور نیلا ہیں ✓

28- کسی چیز پر چارج آتا ہے:

(a) الیکٹران لینے اور دینے سے ✓ (b) پروٹان لینے اور دینے سے (c) نیوٹران لینے اور دینے سے (d) پوزیٹران لینے اور دینے سے

29- روشنی جب کھردری اور سیاہ سطح پر پڑتی ہے تو یہ روشنی:

(a) زیادہ جذب اور کم ریفلیکٹ ہوتی ہے ✓ (b) زیادہ ریفلیکٹ اور کم جذب ہوتی ہے

(c) ساری ریفلیکٹ ہوتی ہے (d) ساری جذب ہوتی ہے

30- پیٹرولیم ریفائنریز میں پانی کا استعمال کیا جاتا ہے:

(a) کولنگ (cooling) کے لئے ✓ (b) ہیٹنگ (heating) کے لئے

(c) پینٹنگ (painting) کے لئے (d) ڈرائنگ (drying) کے لئے

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: سائنس (حصہ ب) کل وقت: 1 گھنٹہ

## انشائیہ سوالات

خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 4 انشائیہ سوالات ہیں۔ انشائیہ سوالات کے جوابات ہر بچہ اپنے نکتہ نظر سے دے گا۔ جواب لکھنے کے لئے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔

31 (a) خون کیا ہے؟ 1

جواب: خون ایک سرخ رنگ کا سیال مادہ ہے جو پورے جسم میں گردش کرتا ہے۔ یہ ریڈ بلڈ سیلز، وائٹ بلڈ سیلز، پلیٹ لیٹس اور پلازمہ پر مشتمل ہے۔

(b) خون کے چار اجزاء کے نام لکھیں۔ 2

جواب: 1- ریڈ بلڈ سیلز 2- وائٹ بلڈ سیلز 3- پلیٹ لیٹس 4- پلازمہ

(c) ہارٹ اٹیک کی چار وجوہات لکھیں۔ 2

جواب: 1- خون میں کولیسٹرول کی مقدار کا بڑھ جانا

2- بلڈ پریشر کا بڑھ جانا

3- بہت زیادہ شراب نوشی اور سگریٹ نوشی کرنا

4- زندگی میں بہت زیادہ آرام طلبی اور سستی

32 (a) قدرتی و مصنوعی سیٹلائٹس میں موازنہ کریں۔ 5

جواب: ایسے فلکی اجسام جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے تخلیق کیے ہیں جو سیاروں کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں قدرتی سیٹلائٹس کہلاتے ہیں جیسے چاند ہماری زمین کا قدرتی سیٹلائٹ ہے۔ جو زمین کے گرد تقریباً 29.5 دنوں میں اپنا چکر مکمل کرتا ہے اور مصنوعی سیٹلائٹس ایسے فلکی اجسام ہیں جو سائنس دانوں نے خلائی تحقیق کے لئے خلا میں چھوڑے ہیں اور اسے راکٹ کی مدد سے وہاں پہنچایا جاتا ہے۔

(b) مصنوعی سیٹلائٹ ہمارے کس کام آتے ہیں؟ 5

جواب: مصنوعی سیٹلائٹس مختلف مقاصد کے لئے خلا میں چھوڑے جاتے ہیں۔ موسمی سیٹلائٹس زمین کے کسی مخصوص علاقے کا تفصیلی معائنہ کر سکتے ہیں اور زمین میں چھپے ہوئے معدنی ذخائر کو بھی تلاش کر سکتے ہیں۔ ان کی مدد سے ٹیلی ویژن کی نشریات کو پوری دُنیا میں دیکھا جا سکتا ہے۔ دُور دراز ٹیلی ویژن اور انٹرنیٹ کے رابطے کے لئے بھی یہ سیٹلائٹس استعمال کیے جاتے ہیں۔

33 (a) پانی کن پانچ ذرائع سے حاصل ہوتا ہے؟ 5

جواب: 1- کنویں 2- چشمے 3- دریا 4- جھیل 5- بارش

(b) مسام دار اور غیر مسام دار چٹانوں کا فرق واضح کریں۔ 5

جواب: مسام دار چٹانیں ریتلی مٹی کی طرح ہوتی ہیں۔ یہ پانی کو اپنے اندر سے گزرنے دیتی ہیں۔ جبکہ غیر مسام دار چٹانیں سخت اور ٹھوس ہوتی ہیں۔ اس لئے پانی کو گزرنے نہیں دیتیں۔

34 (a) انسانی دماغ کے حصوں کے نام لکھیں۔ 3

جواب: 1- دماغ کا اگلا حصہ، 2- دماغ کا درمیانہ حصہ، 3- دماغ کا پچھلا حصہ

(b) ہر حصے کے افعال تحریر کریں۔ 3

جواب: 1- دماغ کا اگلا حصہ دماغ کا سب سے بڑا حصہ ہے۔ یہ کانوں، آنکھوں، ناک، زبان اور جلد کے ذریعے ماحول سے متعلق اطلاعات کو کنٹرول کرتا ہے۔

2- دماغ کا درمیانہ حصہ چھوٹا اور اگلے حصے کے نیچے واقع ہوتا ہے۔ یہ جسم کے مختلف حصوں کی حرکات میں توازن اور ربط پیدا کرتا ہے۔

3- دماغ کا پچھلا حصہ دماغ کو حرام مغز کے ساتھ ملاتا ہے۔ یہ عمل تنفس، غذا کا کھانا، دل کی دھڑکن اور خون کے بہاؤ وغیرہ کو کنٹرول کرتا ہے۔

(c) حرام مغز کیسے کام کرتا ہے؟ 4

جواب: حرام مغز کی وجہ سے ہم مختلف افعال سرانجام دے سکتے ہیں مثلاً کھانا کھانے کے لئے منہ کھولنا، لکھنے کے لئے ہاتھ کو اُوپر نیچے اور آگے پیچھے حرکت دینا وغیرہ اسی طرح کچھ افعال ہماری مرضی کے تابع نہیں ہوتے مثلاً اگر ہمارا ہاتھ اچانک کسی گرم دیگچی سے چھو جائے تو خود بخود پیچھے کھنچ جاتا ہے۔ یہ سب حرام مغز کی وجہ سے ہوتا ہے۔

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: اسلامیات — (حصہ الف) — کل وقت: 40 منٹ

## کثیر الانتخابی سوالات

**خصوصی ہدایات:**

اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔

1- انسان کا ریکارڈ ترتیب دینے کے لئے کتنے فرشتے مقرر ہیں؟

(ا) دو ✓ (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

2- حکم خداوندی ہے کہ پیروی کرو:

(ا) حضور ﷺ کی ✓ (ب) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی (ج) بزرگوں کی (د) تمام انبیاءؑ کی

3- آپ ﷺ نے مواخات کے لئے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے مکان پر مہاجرین و انصار کو جمع کیا تو ان کی تعداد تھی۔

(ا) 70 (ب) 80 (ج) 90 (د) 100

4- اسلام علیکم کا بہترین جواب ہے:

(ا) السلام علیکم (ب) وعلیکم السلام

(ج) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ (د) وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ✓

-5 سنت نبوی ﷺ سے تمام ارکان اسلام کی:
(ا) فرضیت کے احکام ملتے ہیں (ب) ادائیگی کا طریقہ ملتا ہے ✓
(ج) ادائیگی کے سلسلہ میں رعایت ملتی ہے (د) اہمیت واضح ہوتی ہے عبادت کا طریقہ نہیں

-6 قرآن پاک میں اکثر جگہ پر ان دو ارکان کا ذکر ایک ساتھ آیا ہے:
(ا) حج اور زکوٰۃ (ب) نماز اور زکوٰۃ ✓ (ج) زکوٰۃ اور حج (د) نماز اور روزہ

-7 برصغیر میں اکثریت کی بناء پر ہندوؤں کی منصوبہ بندی تھی:
(ا) مسلمانوں کو محکوم بنانا' انگریزوں کے ساتھ تعاون کرنا' ہندوازم کو فروغ دینا ✓
(ب) ہندوؤں کی حکومت قائم کرنا' مسلمانوں کو برابر کے حقوق دینا' دونوں کے تعلقات کو فروغ دینا
(ج) انگریزوں سے آزادی حاصل کرنا' ہندوؤں کی حکومت قائم کرنا' مسلمانوں کو محکوم اور غلام بنانا
(د) مسلمانوں اور ہندوؤں کے تعلقات کو فروغ دینا' ہندوازم کو فروغ دینا' انگریزوں سے آزادی حاصل کرنا

-8 عیدالفطر کی طرف اشارہ ہے:
(ا) ایک جیسا لباس' چکر کاٹنا (ب) خطبہ' قربانی (ج) فطرانہ' نئے کپڑے پہننا ✓ (د) قربانی' نئے کپڑے

-9 دو واقعات کا تعلق غزوہ اُحد سے ہے:
(ا) ابوجہل کا قتل' حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی تلوار کا ٹوٹنا (ب) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت' پہاڑی درے سے حملہ ✓
(ج) ستر صحابہ رضی اللہ عنہم کی شہادت' خندق کی کھدائی (د) ستر کفار کا قتل' ستر صحابہ رضی اللہ عنہم کی شہادت

-10 غزوہ احزاب میں مسلمانوں کے خلاف جنگ پر آمادہ کرنے والے گروہ:
(ا) مختلف عرب قبائل اور یہودی ✓ (ب) عیسائی اور بت پرست (ج) قریش اور عیسائی (د) یہودی اور عیسائی

-11 کلمہ طیبہ میں دو باتوں کا عہد کیا جاتا ہے:
(ا) اللہ کی وحدانیت اور بزرگی (ب) اللہ اور رسول ﷺ کے احکام کی تعمیل ✓
(ج) چند پاکیزہ کلمات اور اطاعت (د) ایک تسبیح اور ضرورت کے وقت اس کا ورد

-12 کفایت شعاری کے متعلق ارشاد نبوی ﷺ ہے:
(ا) اپنا ہاتھ گردن کے ساتھ بندھا ہوا نہ رکھ اور اس کو مکمل طور پر نہ کھول دے
(ب) مال خرچ کرتے وقت اپنا ہاتھ روک کر رکھتا کہ محتاج نہ ہو۔
(ج) بخل انتہائی قبیح عمل ہے اور کفایت کو اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں۔
(د) سخی اللہ کا دوست ہے اگر چہ گنہگار ہو۔ بخیل اللہ کا دشمن ہے اگر چہ عبادت گزار ہو۔ ✓

-13 ایک صحابی نے حضور ﷺ سے کہا کہ مجھے نصیحت کیجیے تو آپ ﷺ نے کون سے الفاظ اور کتنی بار دہرائے؟
(ا) لَا تَكْذِبْ۔ دو بار (ب) لَا تَغْضَبْ۔ ایک بار (ج) لَا تَغْضَبْ۔ تین بار ✓ (د) لَا تَفْعَلْ۔ تین بار

-14 تسمیہ میں اللہ تعالیٰ کی دو صفات کا ذکر ہوا ہے:
(ا) اَلرَّحْمٰنُ اور اَلْحَکِیْمُ (ب) اَلرَّحِیْمُ اور اَلسَّلَامُ (ج) رَءُوْفٌ اور رَحِیْمٌ (د) اَلرَّحْمٰنُ اور اَلرَّحِیْمُ ✓

-15 فتح مکہ کے بعد آپ ﷺ نے کفار مکہ سے سلوک کیا۔

(ل) بدلہ نہیں لیا اور جزیہ مقرر کر دیا
(ب) معاف کر دیا اور بدلہ نہ لیا ✓
(ج) معاف کر دیا اور ان کا مال قبضے میں کر لیا
(د) معاف کر دیا اور سرداروں کو گرفتار کر لیا

-16 نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے:
(ا) انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور ان کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا
(ب) انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی ✓
(ج) انہیں مسجد نبوی ﷺ کے باہر بٹھایا اور ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی
(د) وفد کے سربراہ کو مسجد نبوی ﷺ میں بلایا اور باقی لوگوں کو مسجد میں نہ جانے دیا

-17 روزہ ایسی عبادت ہے جس سے انسان میں پیدا ہوتا ہے:
(ل) اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا یقین، صبر، ضبط نفس ✓
(ب) مسلمانوں میں اتحاد، تفریح کے مواقع اور تقویٰ
(ج) مالی امداد کا جذبہ، اُخوت اور بھائی چارہ
(د) باہمی اُخوت، ہمدردی، جائز حدود میں خوشیاں منانے کا موقع

-18 غزوہ بدر میں عتبہ، شیبہ اور ولید بن عتبہ نے للکارا تو مقابلہ کرنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام:
(ا) حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ بن حارث ✓
(ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ بن حارث
(ج) حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ بن حارث، حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن زبیر
(د) حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ، حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فارسی

-19 معاشرتی زندگی میں اسلامی اُخوت کی بہت اہمیت ہے کیونکہ:
(ل) اسلام رنگ و نسل اور زبان کے فرق کو مٹاتا ہے اور ایمان کی بنیاد پر مسلمانوں کو بھائی بھائی بناتا ہے ✓
(ب) اسلام بھائی چارے کا درس دیتا ہے، ہر شخص کو اسلامی برادری کا رکن قرار دیتا ہے اور ایک زبان بولنے کا حکم دیتا ہے
(ج) اسلام مخصوص علاقے کو اہمیت دیتا ہے، مسلمانوں کی پردہ پوشی کرتا ہے اور ہر مسلمان کو نیکی کا حکم دیتا ہے
(د) اسلام رنگ و نسل کے فرق کو مٹانے کے ساتھ ساتھ خون کے رشتے کو زیادہ اہمیت دیتا ہے، مہاجرین و انصار میں فرق کرتا ہے

-20 جمعہ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
(ا) جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو
(ب) جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے ہو سکے تو اللہ کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو
(ج) نماز جمعہ سے پہلے مسجد میں جتنی جلدی ممکن ہو مسجد میں چلے جانا چاہیے
(د) جس کے پاؤں جمعہ کی نماز کے لیے جاتے ہوئے غبار آلود ہو گئے اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دے گا ✓

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: اسلامیات | (حصہ ب) | کل وقت: 30 منٹ

## انشائیہ سوالات

## خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 14 انشائیہ سوالات ہیں۔ انشائیہ سوالات کے جوابات ہر بچہ اپنے نکتہ نظر سے دے گا۔ جواب لکھنے کے لئے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔

31 (a) مہاجرین کسے کہتے ہیں؟ 2

جواب: وہ مسلمان جنھوں نے اپنا گھر بار چھوڑ کر مکے سے مدینے ہجرت کی انہیں مہاجرین کہا جاتا ہے۔

(b) مواخات کا مفہوم کیا ہے؟ 3

جواب: حضور ﷺ نے مہاجرین اور انصار کے درمیان اُخوت و محبت کے رشتے کو مضبوط تر کرنے کے لئے ان کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ جسے مواخات یعنی بھائی چارہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

(c) مہاجرین و انصار کے میل جول سے کیا فوائد حاصل ہوئے؟ 5

جواب: انصار کی اکثریت کا پیشہ کاشتکاری تھا جبکہ مہاجرین تجارت پیشہ تھے۔ ان کے میل جول سے مدینے کے اسلامی معاشرہ کو ترقی اور خوشحالی ہوئی۔ انصار مدینہ کے ایثار سے مہاجرین مکہ کو حوصلہ ملا اور انہیں امن و سکون حاصل ہوا۔ مہاجرین نے یکسوئی کے ساتھ دین کی خدمت کے ساتھ ساتھ اپنی تجارت میں بھی ترقی کی۔ مہاجرین اور انصار نے مل کر اسلام کی اشاعت کی اور اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچایا۔

32 (a) مسلمان ایک دوسرے سے ملتے وقت کیا الفاظ استعمال کرتے ہیں؟ 2

جواب: اسلام نے ہمیں جو تہذیب سکھائی ہے اس میں ملنے والے ایک دوسرے کی سلامتی کے لیے دُعا کرتے ہیں۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو السلام علیکم کہتا ہے اور دوسرا وعلیکم السلام کہہ کر جواب دیتا ہے۔

(b) سلام کس کس کو کرنا چاہیئے؟ 3

جواب: نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ ''سلام پھیلاؤ'' اس میں واقف اور ناواقف، شناسا اور اجنبی، چھوٹے اور بڑے کی کوئی تمیز نہیں۔

(c) مسلمانوں کو ملاقات کے کیا آداب سکھائے گئے ہیں؟ 5

جواب: مسلمانوں کو جو آداب سکھائے گئے ہیں۔ ان میں دوسروں کے آرام اور احترام کا لحاظ رکھنے کی تلقین کی گئی ہے۔ اگر کسی شخص کے ہاں جا کر اس سے ملاقات کرنا ہو تو آداب یہ ہیں کہ پہلے اجازت لی جائے۔ گھر میں جانا ہو تو دروازے پر السلام علیکم کہا جائے یا دروازے پر دستک دی جائے۔ ملاقات کے لیے دوسرے کی مصروفیات کا خیال بھی ضروری ہے۔

# پنجاب ایگزامینیشن کمیشن مئی 2009ء امتحان

مضمون: اُردو

## (حصہ الف)

کل وقت: ۱ گھنٹہ

### کثیر الانتخابی سوالات

**خصوصی ہدایات:**

اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔

-1 ''بحر و بر'' کہتے ہیں:

(a) دریا اور سمندر ✓ (b) پانی اور خشکی (c) نہر اور ندی (d) پہاڑ اور میدان

-2 ''ٹکڑا'' کی جمع ہے:

(a) ٹکڑات (b) ٹکڑے ✓ (c) ٹکڑیوں (d) ٹکڑوں

-3 درج ذیل میں مؤنث ہے:

(a) بڑھئی (b) حلوائی (c) بھیڑ ✓ (d) شیر

-4 نظم ''دُعا'' کس شاعر نے لکھی؟

(a) حضرت بلھے شاہ (b) علامہ اقبال ✓ (c) قیوم نظامی (d) مولانا حالی

-5 ایشیا کا دوسرا بڑا ____ کا جنگل بلوچستان میں ہے۔

(a) پیپل (b) دیودار (c) شیشم (d) صنوبر ✓

-6 ''شگوفے'' کے معنی ہیں:

(a) درخت (b) پودے (c) پھول (d) کونپلیں ✓

-7 درست املاء کا فقرہ منتخب کریں۔

(a) اُن کا تخلّص نشتر تھا ✓ (b) اُن کا تخلّص نشطر تھا (c) اُن کا تخلس تشطر تھا (d) اُن کا طخلّص نشتر تھا

-8 مندرجہ ذیل میں سے ''فعل ماضی'' کا جملہ کون سا ہے؟

(a) حیدر سکول جاتا ہے (b) حیدر سکول جائے گا (c) حیدر سکول جا رہا ہے (d) حیدر سکول جاتا تھا ✓

-9 درست جملے کی نشان دہی کریں:

(a) مسلمانوں نے 1904ء میں مسلم لیگ کے نام سے اپنی الگ جماعت بنائی

(b) مسلمانوں نے 1905ء میں مسلم لیگ کے نام سے اپنی الگ جماعت بنائی

(c) مسلمانوں نے 1906ء میں مسلم لیگ کے نام سے اپنی الگ جماعت بنائی

(d) مسلمانوں نے 1909ء میں مسلم لیگ کے نام سے اپنی الگ جماعت بنائی

-10 درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست ہے؟

(a) لڑکوں نے کام کر لیں ہیں (b) لڑکوں نے کام کر لی ہیں (c) لڑکوں نے کام کیے ہیں (d) لڑکوں نے کام کر لیا ہے ✓

-11 درج ذیل میں سے اسم صفت والی فہرست ہے:
(a) سرخ پھول، نیلا آسمان، ذہین طالب علم ✓ (b) گرم پانی، گلاب کا پھول، طالبات
(c) میرا اسکول، لائق طلبہ، مرے لڑکے (d) سرخ قالین، ٹوپی، میرا اسکول

-12 مترادف الفاظ کی فہرست کی نشاندہی کریں:
(a) محبت، شفقت، اُنس ✓ (b) دوستی، دشمنی، محبت (c) جدوجہد، مشقت، آرام طلبی (d) تمنا، آرزو، منزل

□ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 13، 14، 15 اور 16 کے درست جوابات منتخب کریں۔

پنجاب دو لفظوں پنج اور آب سے مل کر بنا ہے پنجاب کا مطلب پانچ دریاؤں کی سرزمین ہے۔ یہاں دریائے ستلج، راوی، چناب، جہلم اور سندھ بہتے ہیں۔ پنجاب کے دوسرے صوبوں کی طرح اہل پنجاب بھی دلیر، مہمان نواز اور جفاکش ہیں۔

یہاں کے لوگوں کا خوبصورت اور مقبول لباس شلوار اور قمیض ہے عورتیں شلوار قمیض کے ساتھ دوپٹہ اور چادر جب کہ مرد ٹوپیاں اور پگڑیاں پہنتے ہیں۔ کوٹ پتلون، قمیض اور جیکٹ کا رواج بھی ہے۔ لیکن یہ شہروں میں دیکھنے میں آیا ہے۔ پنجاب کے بعض علاقوں میں عورتیں اور مرد شلوار کے علاوہ لنگی اور لاچا بھی باندھتے ہیں۔ خانہ بدوش عورتیں کڑھائی والے گھاگھرے پہنتی ہیں۔

پنجاب میں چار موسم پائے جاتے ہیں۔ جن میں موسم گرما، موسم سرما، موسم بہار اور موسم خزاں شامل ہیں۔ گرمیوں کے موسم میں میدانی علاقوں میں سخت گرمی جب کہ سردیوں میں سخت سردی پڑتی ہے۔ لوگ سردیوں میں دھوپ تاپتے اور گرم کپڑے پہنتے ہیں جب کہ گرمیوں میں ہلکے پھلکے کپڑے پہنتے ہیں اور دھوپ سے بچنے کیلئے سائے میں بیٹھتے ہیں۔

-13 درج بالا پیراگراف کا عنوان ہے:
(a) اہل پنجاب ✓ (b) تصویری کہانی (c) پھلوں کی وادی کوئٹہ (d) زیارت

-14 پنجاب کے پانچ دریاؤں کی درست فہرست ہے
(a) دریائے کابل، راوی، چناب، جہلم، سندھ (b) دریائے راوی، سندھ، چناب، جہلم، ستلج ✓
(c) دریائے سوات، چناب، جہلم، ستلج، سندھ (d) دریائے ستلج، راوی، جہلم، سندھ، دریائے کابل

-15 سبق اہل پنجاب پڑھ کر یہ نتیجہ نکلتا ہے:
(a) پانچ دریاؤں کی سرزمین، سارا سال موسم نہ زیادہ گرم نہ سرد، اہل پنجاب دلیر، مہمان نواز
(b) اہل پنجاب دلیر مہمان نواز، 1935ء میں شدید زلزلہ، رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ
(c) پانچ دریاؤں کی سرزمین، زندگی کے آخری دنوں میں قائداعظم کا یہاں قیام، مختلف لوگوں کھیل مقبول
(d) پانچ دریاؤں کی سرزمین، اہل پنجاب، دلیر، مہمان نواز، مختلف لوک کھیل مقبول ✓

-16 "عادل" کا متضاد ہے:
(a) باطل، جھوٹا ✓ (b) عاقل، ہوش مند (c) ظالم، جابر (d) چالاک، ہوشیار

-17 "ذرے ہیں تیری خاک کے غازہ میرے لیے" اس مصرعہ کا مفہوم ہے:
(a) وطن کی مٹی میرے چہرے کا حسن بڑھاتی ہے (b) وطن کی مٹی سے میرا چہرہ مٹی سے بھر جاتا ہے
(c) وطن کی مٹی میرے لیے محض خاک ہے (d) خاک کے ذرے میرے چہرے پر ہیں

□ درج ذیل اشعار پڑھ کر سوالات نمبر 19، 20، 21، 22 اور 23 کے درست جوابات منتخب کریں۔

ماں باپ کا عزیزو! مانا نہ جس نے کہنا دشوار ہے جہاں میں عزت سے اُس کا رہنا

ڈر ہے پڑے نہ صدمہ ذلت کا اس کو سہنا
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو
دُنیا میں کی جنھوں نے ماں باپ کی اطاعت
دُنیا میں پائی عزت عقبیٰ میں پائی راحت
ماں باپ کی اطاعت ہے دو جہاں کی دولت
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو
تم کو نہیں خبر کچھ اپنے بُرے بھلے کی
جتنی ہے عمر چھوٹی اتنی ہے عقل چھوٹی
ہے بہتری اسی میں جو ہے بڑوں کی مرضی
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو

-18 مندرجہ بالا اشعار نظم سے لیے گئے ہیں:
(a) ایک آرزو (b) ایک مکڑا اور مکھی (c) کہنا بڑوں کا مانو ✓ (d) محمود غزنوی اور بڑھیا

-19 ''دُشوار ہے جہاں میں عزت سے اُس کا رہنا'' سے مراد ہے:
(a) بڑوں کا کہنا نہ ماننے سے دُنیا میں عزت حاصل کرنا مشکل ہے ✓
(b) کہنا بڑوں کا ماننے سے دُنیا میں ذلت و رسوائی ملتی ہے
(c) دُنیا میں بہت سی تکالیف' پریشانیاں انسان کو ملتی ہیں
(d) خود اعتمادی کی کمی پیدا ہوتی ہے اور اُسے عزت بھی ملتی ہے

-20 شاعر نے ''دو جہاں کی دولت'' قرار دیا ہے:
(a) محنت مشقت کرنا' ہمسائے کو آرام دینا' بڑا مقام حاصل کرنا
(b) بڑوں کا کہنا مان کر اچھے کام کرنا' دُنیا اور آخرت کی کامیابی ملنا ✓
(c) استاد کا کہنا مان کر ہم جماعت کی بڑائی کرنا' بُرے کام کرنا
(d) عفو و درگزر سے کام لینا' راہ راست پر چلنا' بُرے لوگوں سے دُور رہنا

-21 اس نظم سے سبق ملتا ہے:
(a) ماں باپ کی عزت کرنے سے سکون نہیں' عزت نہیں' آرام ملنا
(b) ماں باپ کی اطاعت' آخرت میں سکون' دُنیا میں عزت و کامیابی ملنا ✓
(c) رُسوائی کا خوف' آخرت میں ناکامی' دُنیا میں ذلت نہ ملنا
(d) مرتے وقت پُرسکون' دُنیا کے دُکھ دور ہوں' مصیبت میں آرام ملنا

-22 مندرجہ بالا نظم کا مرکزی خیال ہے:
(a) کم عمر و کم عقل' ذلت کا سامنا' عزت و سکون' ثروت و خوشی کا حصول ناممکن
(b) دولت کی کمی' بڑا مقام حاصل نہ ہونا' غریب دوست رشتہ دار' عزت و سکون
(c) بڑوں کی مرضی میں بہتری' بڑوں کی اطاعت' رحمت خداوندی' دُنیا و آخرت میں سکون ✓
(d) بڑوں کی عقل' استاد کا غصہ' زندگی کی مشکلیں' دُنیا میں ناکامی و نامرادی

-23 دیئے گئے مصرعے کو مکمل کریں۔ ''چڑیوں کو یہ ____ کی ____ کہاں رہے۔''
(a) روشنی' ضرورت (b) فضا' گری (c) اُڑان' طاقت (d) سورج' تاب

-24 درج ذیل میں سے کون سا جملہ درست ہے:
(a) اسلم سیر کو جاتا ہے صبح (b) اسلم صبح سیر کو جاتے ہیں (c) اسلم صبح سیر کو جاتا ہے ✓ (d) سیر کو صبح جاتا ہے اسلم

25- درج ذیل میں سے اسم معرفہ والی فہرست کی نشاندہی کریں:

(a) میز' کرسی' پنکھا (b) ملتان' کراچی' فیصل آباد ✓ (c) پھول' تازہ' خوبصورت (d) مدرسہ' کتاب' میز

26- ذیل میں ''فعل مستقبل'' کا جملہ ہے:

(a) میں پڑھتا ہوں (b) نازنے سبق پڑھا (c) وہ مدرسہ جائے گا ✓ (d) ہم پاکستانی ہیں

27- سبق ''عفو و درگزر'' کا مرکزی مفہوم یہ ہے کہ عفو و درگزر سے ممکن ہے:

(a) دُنیاوی آسائشوں کا حصول' مال و دولت کا حصول' اللہ کی رضا کا حصول

(b) معاشرے میں بے چینی' معاشرے میں بے سکونی' معاشرے میں راحت

(c) معاشرے میں امن و سلامتی' کوئٹہ ایک پھلوں کی وادی' کراچی ایک خوبصورت شہر

(d) اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول' معاشرے میں امن و سلامتی' حسد و عناد کا خاتمہ

28- ''احمد'' کتاب پڑھ رہا ہے۔ اس جملے میں ''احمد'' گرائمر کی رُو سے کیا ہے؟

(a) اسم ✓ (b) فعل (c) فاعل (d) مفعول

29- موزوں لفظ لگا کر محاورہ مکمل کریں:

(a) پیپل میں اٹکا (b) کیکر میں اٹکا (c) کھجور میں اٹکا ✓ (d) سرو میں اٹکا

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: اُردو (حصہ ب) کل وقت: 1 گھنٹہ

## انشائیہ سوالات

### خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 4 انشائیہ سوالات ہیں۔ انشائیہ سوالات کے جوابات ہر بچہ اپنے نکتہ نظر سے دے گا۔ جواب لکھنے کے لئے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔

31- آپ نے موسم گرما کی تعطیلات کے دوران کسی تاریخی مقام کی سیر کی آپ کو کیسا لگا اور کیوں؟ 10

جواب: ہمارے ابو نے ہم سے وعدہ کیا تھا کہ گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران وہ ہمیں کسی تاریخی مقام کی سیر کو لے چلیں گے۔ اس دن اتوار کو موسم بہت خوشگوار تھا سو ہم نے موقع دیکھ کر ابو کو اُن کا وعدہ یاد دلایا۔ ابو راضی ہو گئے اور ہم لاہور کا شاہی قلعہ دیکھنے کے لئے روانہ ہوئے۔ قلعہ کی خوبصورت عمارت دیکھ کر ہم بہت خوش ہوئے اور حیران بھی۔ حیرت اس بات پر کہ اُس دور کے لوگ کتنے باذوق تھے۔ جنہوں نے اتنی خوبصورت عمارت بنوائی تھی۔ اس کے بعد ہم نے وہاں کا عجائب گھر دیکھا اور کچھ نوادرات بھی خریدے۔ کھانا کھانے کے بعد ہم نے مزید ارآم کھائے۔ پھر کچھ دیر ہم نے فٹ بال کھیلا۔ اس کے بعد چائے کی طلب ہونے لگی۔ چائے پی کر ہم قلعے کا بقیہ حصہ دیکھنے کے لئے روانہ ہوئے۔ اس کے دروازوں اور کھڑکیوں پر اتنی عمدہ کاریگری دیکھ کر کوئی بھی انہیں داد دیئے بغیر نہ رہ سکا۔ اب ہم تھک چکے تھے لہٰذا ہم نے روانگی کی تیاری کی۔ اس دن ہمیں بہت مزہ آیا۔ یہ دن میں ہمیشہ یاد رکھوں گی۔

32- ''سانچ کو آنچ نہیں'' اس موضوع پر کہانی لکھیں۔ 10

جواب: شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے بہت بڑے بزرگ تھے۔ انہیں علم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ اُن دنوں علم حاصل کرنے کے لیے بغداد جانا پڑتا تھا۔ لہٰذا اُنہوں نے بغداد جانے کا ارادہ کیا جب وہ روانہ ہونے لگے تو اُن کی ماں نے اُن کی قمیض میں چالیس اشرفیاں سی دیں اور ساتھ ہی ساتھ یہ نصیحت بھی کی کہ بیٹا ہمیشہ سچ بولنا۔ راستے میں قافلے کو ڈاکوؤں نے گھیرے میں لے لیا۔ ایک ڈاکو اُن کے پاس آیا اور پوچھا اے لڑکے! کیا تیرے پاس کچھ ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا! جی ہاں میرے پاس چالیس اشرفیاں ہیں۔ وہ سمجھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ جھوٹ بول رہے ہیں لہٰذا وہ آگے چل دیا۔ دوسری بار ایک اور ڈاکو آیا اور یہی سوال دُہرایا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے پھر وہی جواب دیا۔ جواب سن کر ڈاکو آگے چل دیا۔ جب تیسرے ڈاکو نے بھی آپ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ بتا تیرے پاس کیا ہے؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے وہی جواب دیا کہ میرے پاس چالیس اشرفیاں ہیں۔ وہ ڈاکو آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے سردار کے پاس لے گیا اور سارا قصہ بیان کیا۔ سردار نے آپ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا بتا وہ اشرفیاں کہاں ہیں؟ تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ وہ میری قمیض کے اندر سلی ہوئی ہیں۔ سردار کے کہنے پر قمیض کو کھولا گیا تو اشرفیاں زمین پر گر پڑیں۔ سردار یہ دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ اس نے کہا لڑکے اگر تو چاہتا تو یہ اشرفیاں بچ سکتی تھیں پھر تو نے ہمیں کیوں بتایا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میری ماں نے مجھے نصیحت کی تھی کہ ہمیشہ سچ بولنا۔ اس لیے میں نے آپ کو سچ بتایا ہے۔ سردار آپ رحمۃ اللہ علیہ کی اس بات سے اس قدر متاثر ہوا کہ اُس نے ہمیشہ کے لئے چوری چھوڑ دی اور اس کام سے توبہ کر لی اور لوٹا ہوا مال قافلے والوں کو واپس کر دیا۔ سچ ہے "سانچ کو آنچ نہیں"۔

-33 ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام ایک ہفتے کی چھٹی کی درخواست لکھیں، زیادہ چھٹیاں لینے کی وجہ بیان کریں۔ 10

جواب:

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب

ہائی گریڈ گرامر سکول لاہور

جناب عالی!

مؤدبانہ گزارش ہے کہ میرے بڑے بھائی کی شادی مورخہ 31 اکتوبر 2009ء کو ہونا طے پائی ہے۔ مجھے گھر پر بہت سارا کام ہے۔ شادی کے تمام ضروری انتظامات میرے سپرد ہیں۔ اتوار کو بارات لاہور جائے گی۔ پیر کو دعوت ولیمہ ہوگا۔ میری اس میں شمولیت بہت ضروری ہے۔ جس کی وجہ سے میں ایک ہفتہ تک سکول حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ برائے مہربانی مجھے ایک ہفتے (مورخہ 26 اکتوبر تا یکم نومبر) تک کی چھٹی عنایت فرمائیں۔ عین نوازش ہوگی۔

العارض

مورخہ: 14 اکتوبر 2009ء

آپ کا تابعدار شاگرد

طلحہ سہیل

جماعت پنجم اے

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: ریاضی | (حصہ الف) | کل وقت: 1 گھنٹہ
---|---|---

## کثیر الانتخابی سوالات

**خصوصی ہدایات:**

اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔

1- اعداد 235،325،532،523 کو ترتیب نزولی میں لکھا جاتا ہے۔

(a) 325،235،532،523 ✓ (b) 532،523،325،235

(c) 235،325،523،532 (d) 532،325،235،523

2- مربع ہے

(a) ✓  (b)  (c)  (d) 


3- عدد 7.326...... کی 2 درجہ اعشاریہ تک درست قیمت ہے:

(a) 7.32 ✓ (b) 7.33 (c) 7.34 (d) 7.36

4- مترادف کسور کا سیٹ ہے


(a) $\frac{3}{2}, \frac{3}{4}$ (b) $\frac{3}{2}, \frac{6}{2}$ (c) $\frac{3}{2}, \frac{6}{4}$ (d) $\frac{3}{2}, \frac{5}{4}$

5- گراف میں نشان زدہ نقطہ کو کہتے ہیں



(a) مبدا (b) x محور (c) y محور (d) راسی محور

6- ڈایاگرام میں مستطیل کا رقبہ ہے:



| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) $16cm^2$ | (b) $20\ cm^2$ | (c) $24\ cm^2$ ✓ | (d) $36\ cm^2$ |

7- اعشاری عدد 48 کو رومن نظام میں لکھا جاتا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) XXXXVII | (b) IIL | (c) XLCVIII | (d) XLVIII ✓ |

8- 1,5,6,2,7,0,8 ہندسوں سے بننے والا بڑے سے بڑا عدد ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) 8765120 | (b) 8725610 | (c) 8762510 | (d) 8765210 ✓ |

9- 5.25 کی سادہ ترین کسر ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) $\frac{525}{100}$ ✓ | (b) $\frac{105}{20}$ | (c) $\frac{21}{4}$ | (d) $\frac{4}{21}$ |

10- $7\frac{4}{5}$ کا جواب ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) $\frac{33}{5}$ | (b) $\frac{33}{4}$ | (c) $\frac{39}{5}$ ✓ | (d) $\frac{39}{4}$ |


11- 2.224 اور 3.241 کا مجموعہ ایک درجہ اعشاریہ تک درست ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) 5.4 | (b) 5.5 ✓ | (c) 5.6 | (d) 5.7 |

12- کسر عام $\frac{5}{4}$ کو کسر اعشاریہ میں لکھا جاتا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) 1.24 | (b) 1.25 ✓ | (c) 1.26 | (d) 1.27 |

13- ڈایاگرام میں کمپلیمنٹری زاویوں کا سیٹ ہے





| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) 61°, 90° | (b) 29, 90° | (c) 90° | (d) 29°, 61° ✓ |

14- 35.3211-13.83 کا حل 1 درجہ اعشاریہ تک درست لکھا جاتا ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) 21.2 | (b) 21.3 | (c) 21.4 | (d) 21.5 ✓ |

15- ڈایاگرام میں متوازی خطوط کا سیٹ ہے:




(a) ✓ $\overline{AB}, \overline{BC}$  (b) $\overline{AB}, \overline{CD}$  (c) $\overline{AD}, \overline{BC}$  (d) $\overline{AD}, \overline{AB}$

16- اگر ایک چاکلیٹ بار کی قیمت 2.25 روپے ہو تو 4 ایسی چاکلیٹ کی قیمت (روپے میں) ہوگی:

(a) ✓ 9  (b) 8  (c) 4  (d) 2

17- 700000+50000+4000+8 سے عدد بنتا ہے:

(a) ✓ 7548  (b) 754008  (c) 700548  (d) 75480

18- اگر دیے گئے مواد کی اوسط اور مجموعہ 20 ہو تو مواد کی تعداد ہوگی:

(a) ✓ 4  (b) 5  (c) 20  (d) 25

19- $\frac{325}{100}$ کی سادہ ترین شکل ہے:

(a) ✓ $\frac{65}{20}$  (b) $\frac{20}{65}$  (c) $\frac{13}{4}$  (d) $\frac{4}{13}$


20- $3 + 4 \times 5$ کا جواب ہے

(a) 7  (b) 20  (c) 23  (d) ✓ 35

21- وہ کسر عام جسے غیر مختتم کسر اعشاریہ میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اس کی مثال ہے:


(a) $\frac{6}{3}$  (b) ✓ $\frac{8}{11}$  (c) $\frac{7}{4}$  (d) $\frac{8}{5}$

22- سایہ دار علاقے کا رقبہ ہے:




(a) $2\ cm^2$  (b) $4\ cm^2$  (c) ✓ $8\ cm^2$  (d) $16\ cm^2$

23- ٹھوس اجسام کا سیٹ ہے:


(a) 

(b) ✓ 

(c) 

(d) 

-24 عید کی مختلف مضامین میں کارکردگی دکھائی گئی ہے۔ وہ دو مضامین جس میں اس نے سب سے زیادہ اچھی کارکردگی دکھائی ہے:




(a) اُردو سائنس (b) انگریزی حساب (c) انگریزی اُردو (d) سائنس حساب

-25 اگر ایک چاکلیٹ بار کی قیمت 35 روپے اور دو اور چاکلیٹ بار کی قیمت 34.60 روپے ہو تو ہر ایک چاکلیٹ کی اوسط قیمت ہو گی:

(a) 69.60 (b) 35.20 (c) 34.60 (d) 23.20

-26 28.625 سے حاصل ہونے والی سادہ ترین غیر واجب کسر ہے:

(a) $\frac{1145}{40}$ (b) $\frac{1145}{8}$ (c) $\frac{229}{40}$ (d) $\frac{229}{8}$

-27 3.22 اور 2.2 کا حاصل ضرب ہے:

(a) 5.42 (b) 7.084 (c) 5.24 (d) 3.444

-28 $\frac{5}{2}, \frac{11}{12}, \frac{7}{12}$ کی اوسط ہے:

(a) 1 (b) 2 (c) 4 (d) 5

-29 ایک مکعب نما جوس پیکٹ کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی بالترتیب 2cm, 4cm, 6cm ہے۔ تو جوس کی مقدار (مکعب سم) جو پیکٹ میں بند کی جا سکتی ہے:

(a) $36\ cm^3$ (b) $20\ cm^3$ (c) $12\ cm^3$ (d) $48\ cm^3$

-30 جہانگیر کی جیب میں 273 روپے ہیں اس نے اپنی رقم کا $\frac{1}{3}$ حصہ اپنے چھوٹے بھائی کو دے دیا ہو تو جہانگیر کے پاس باقی رقم ہو گی:

(a) 182 (b) 200 (c) 220 (d) 212

# پنجاب ایگزامینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: ریاضی (حصہ ب) کل وقت: 1 گھنٹہ

## انشائیہ سوالات

خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 14 انشائیہ سوالات ہیں۔ انشائیہ سوالات کے جوابات ہر بچہ اپنے نکتہ نظر سے دے گا۔ جواب لکھنے کے لئے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔

31(a) ملین کے نظام کے تحت 6273942 میں کومہ لگائیں۔ 2

جواب: 6,273,942

(b) عدد "سات ارب پچاس لاکھ چار ہزار آٹھ" کو اعداد میں لکھیں۔ 3

جواب: 7,00,50,4008

(c) عدد "اٹھتر ملین چار سو چوہتر ہزار آٹھ سو" کو ارب نظام میں لفظوں میں لکھیں۔ 5

جواب: سات کروڑ چوراسی لاکھ چوہتر ہزار آٹھ سو

32(a) اگر 3 پین کی قیمت 30 روپے ہو تو ایک پین کی قیمت ہوگی: 3

جواب:

| | | |
|---|---|---|
| تین پین کی قیمت | = | 30 روپے |
| 1 پین کی قیمت | = | 3 ÷ 30 |
| | = | 10 روپے |

(b) ایک ٹرین 4 گھنٹوں میں کچھ فاصلہ 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے طے کرتی ہے اگر وہ یہی ایک گھنٹہ میں طے کرے تو اس کی رفتار کتنی ہوگی: 3

جواب:

| | | |
|---|---|---|
| وقت | = | 4 گھنٹے |
| رفتار | = | 50 km/h |
| کل فاصلہ | = | 50 × 4 = 200k |
| ایک گھنٹے میں فاصلہ طے کرنے کے لئے رفتار | | 200 k/h |


(c) اگر 15 فٹ بال کی قیمت 450 روپے ہو تو ایسے 25 فٹ بال کی کیا قیمت ہوگی؟ 4

جواب:

| | | |
|---|---|---|
| 15 فٹ بال کی قیمت | = | 450 روپے |
| 25 فٹ بال کی قیمت | = | 25 × 450 |
| | = | 11250 روپے |


33(a) 89o کا سپلیمنٹری زاویہ ہے: 1

جواب:





(b) سیٹ سکوئر سے متوازی خطوط کھینچیں۔

جواب:




(c) دی گئی مقداروں سے مثلث کھینچیں۔ جبکہ

$m\overline{AB} = 4.2\text{cm}$ $m\angle A = 45^\circ$ $m\overline{AC} = 3.2\text{cm}$





34(a) ڈائیا گرام میں دکھائے گئے گراف کا نام لکھیں۔




جواب: خطی گراف۔

(b) 4 مضامین میں کل نمبر کتنے ہیں؟




جواب:


| | | |
|---|---|---|
| **Urdu** | = | **30** |
| **Eng** | = | **20** |
| **Maths** | = | **40** |
| **Science** | = | **10** |

**6** **(c)** کریم کے ماہانہ امتحان کے نتائج دیے گئے ہیں۔

| ماہ | جنوری | فروری | مارچ | اپریل |
|---|---|---|---|---|
| حاصل کردہ نمبر | 32 | 28 | 40 | 20 |

اس کا خطی گراف کھینچیں۔

جواب:



(c) وہ سکول کے لیے ہمارا کھانا اور ناشتہ تیار کر رہی ہے۔ (d) وہ سکول کے لیے ہمارا ناشتہ اور دوپہر کا کھانا تیار کرتی تھی۔

Q.30. Quarrel means:
(a) to become angry (b) angry argument✓ (c) to play (d) to follow

## Punjab Examination Commission Paper 2009 Class 5th

**Paper: English** **Part (B)** **Time Allowed: 1 hour**

**OPEN ENDED QUESTIONS**

**Specific Instructions:**

Please use blank space given below the question to write the answer.

**Q.31(a) Translate the following sentences into English.** **2+2+2**

(1) کیا وہ پانی پیتا ہے؟
Does he drink water?

(2) میں نے خط نہیں لکھا۔
I did not write a letter.

(3) کیا اس نے اپنا کام ختم کر لیا ہے؟
Has he finished his work?

**(b) Translate into Urdu.** **2+2**

(4) Good! Do you know why this is important?

اچھا! کیا تم جانتے ہو یہ کیوں اہم ہے؟

(5) In this season leaves change their colour.

اس موسم میں پتوں کا رنگ بدل جاتا ہے۔

**Q.32 Write an essay of at least ten sentences about:** **10**
**"Holy Prophet (P.B.U.H.)" OR "Season of Pakistan"**

**Season of Pakistan**

There are four seasons in a year. Spring, Summer, Autumn and Winter.

In Pakistan Summer season is very long. The weather at this time is unpleasant and tiring. But one can enjoy mangoes.

In Winter the weather is very cold. In some parts of Pakistan, there is snowfall. People can enjoy oranges, dry fruits and indoor games.

Spring is called the queen of seasons. It is the most beautiful time of the year. People of all ages enjoy this season.

In Autumn season leaves fall and change their colour, this season looks very sad. But people of Pakistan enjoy all the seasons.

**Q.33 Read the paragraph and answers the questions given at the end.** **10**

Sports and games provide recreation. They are played for pleasure. After playing a game, one feels relaxed. They refresh us and give us energy. They help us to forget our work and worry. Life is very busy now a days. If one wants to live a healthy and long life, one should spare time for sports.

1. What are advantages of playing games? 3
**Ans:** They provide us pleasure. They refresh us and gives us energy.

2. What do we feel after playing a game? 3
**Ans:** After playing a game we feel relaxed.

3. What can we forget by playing games? 2
**Ans:** We can forget our work and worry by playing games.

4. What do the sports and games provide? 2
**Ans:** Sports and games provide us recreations.

**Q.34 Read the stanza and answers the questions.** 10

I quarreled with my brother,
I don't know what about,
One thing led to another
And somehow we feel out.
The start of it was slight.

1. What is the poem about? 2

**Ans:** The poem is about a quarrel between two brothers.

2. How was the start of the quarrel? 2

**Ans:** The start of the quarrel was quite slight.

3. Who quarreled with me? 2

**Ans:** My brother quarreled with me.

4. Explain the above lines in your own words. 4

**Ans:** Once I had a fight with my brother. I did not know why we started to quarrel. After one thing, happened the second. In this way we started to fight. The start of the quarrel was very ordinary.

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: معاشرتی علوم (حصہ الف) کل وقت: 1 گھنٹہ

## کثیر الانتخابی سوالات

خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔

-1 موسم گرم کی مون سون ہوائیں چلتی ہیں:

(a) سمندر سے زمین کی طرف ✓ (b) زمین سے سمندر کی طرف

(c) پہاڑوں سے وادیوں کیطرف (d) وادیوں سے پہاڑوں کیطرف

-2 1526ء میں مغل سلطنت کی بنیاد رکھی:

(a) بہادر شاہ ظفر (b) جلال الدین افغانی (c) محمد بن قاسم (d) ظہیر الدین بابر ✓

-3 پاکستان میں پھل ہوتے ہیں:

(a) موسم گرما میں (b) موسم سرما میں (c) تمام موسموں میں ✓ (d) موسم بہار میں

-4 مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کے لئے استصواب رائے ضروری خیال کیا جاتا ہے:

(a) بھارتی حکومت کی خواہش کے مطابق (b) پاکستانی حکومت کی خواہش کے مطابق

(c) راجہ کی خواہش کے مطابق (d) اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق ✓

-5 آلودگی میں _____ کی وجہ سے کمی کی جاسکتی ہے:

(a) درختوں ✓ (b) فیکٹریوں (c) ماحول (d) شہروں

-6 ٹریفک پولیس کام سرانجام دیتی ہے:

(a) جلوس کو روکتی ہے (b) ٹریفک کنٹرول کرتی ہے ✓ (c) چوروں کو پکڑتی ہے (d) سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے

-7 تمام نقد آور فصلیں ہیں ماسوائے:

(a) پٹ سن (b) تمباکو (c) مکئی (d) گندم

-8 ''تمام مسلمان ایک قوم ہیں اور دوسرے تمام ایک اور قوم'' یہ سوچ کہلاتی ہے:

(a) خطبہ الہٰ آباد (b) رسم ورواج (c) مذہبی اقدار (d) دو قومی نظریہ ✓

-9 پہاڑی علاقوں میں کاشت کئے جانیوالے پھل ہیں:

(a) آم، سنگترہ، کینو (b) خربوزہ، کھجور، تربوز

(c) امرود، کیلا، شہتوت (d) بادام، پستہ، سیب ✓

-10 حرارتی توانائی پیدا کرنے کے پاکستان میں سب سے بڑے اسٹیشن ہیں:

(a) بہاول پور اور لودھراں (b) کوٹ اڈو اور مظفر گڑھ (c) ملتان اور کراچی (d) سکھر اور حیدرآباد

-11 ایک پاکستانی کی مشترک خصوصیات ہیں:

(a) برے تعلقات، بھائی چارہ (b) لاپراہ، جھگڑالو (c) مذہبی منافرت، پیاسا (d) مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارہ ✓

-12 ایٹمی توانائی پیدا کرنے کا اسٹیشن قائم کیا گیا تھا:

(a) کراچی میں 1971ء میں روس کی مدد سے ✓ (b) لاہور میں 1971ء میں چین کی مدد سے

(c) پشاور میں 1973ء میں کینیڈا کی مدد سے (d) کوئٹہ میں 1975ء میں جاپان کی مدد سے

-13 موٹروے۔2 (M-2) جن شہروں کو ملاتی ہے:

(a) پشاور اور اسلام آباد (b) پنڈی بھٹیاں اور فیصل آباد (c) لاہور اور فیصل آباد (d) اسلام آباد اور لاہور ✓

-14 شاہ ولی اللہ تھے:

(a) عظیم شاعر اور فلسفی (b) عظیم سکالر اور قرآن کا ترجمہ ✓ (c) عظیم فلسفی اور علم کا دلدادہ (d) عظیم مصور اور علم کا دلدادہ

-15 کمپیوٹر اس لئے اہم ہیں کیونکہ یہ بچاتے ہیں:

(a) وقت اور جگہ ✓ (b) طاقت اور ایندھن (c) فاصلہ اور ٹرانسپورٹ (d) بیگ اور دیگر سامان

-16 پاکستان کے ہمسایہ ممالک ہیں:

(a) افغانستان، بھارت، چین، روس (b) افغانستان، بھارت، چین، ایران ✓

(c) بھارت، چین، عراق، ایران (d) ایران، بھارت، افغانستان، سعودی عرب

-17 ہندوؤں کا خیال تھا کہ دیگر فاتح افواج کی طرح محمد بن قاسم کی فوج بھی:

(a) لوٹے گی اور ان کی حفاظت کرے گی (b) لوٹے گی اور ان کو آزاد کردے گی

(c) لوٹے گی اور اُن کو تعلیم دے گی (d) لوٹے گی اور اُن کو مار دے گی ✓

-18 پاکستان کے ساحلی علاقوں سے متعلقہ لسٹ ہے:

(a) افغان، بحر ہند، لاہور، 600 کلومیٹر (b) خلیج بنگال، چین، ملتان، 900 کلومیٹر

(c) بحر ہند، چین، کراچی، 800 کلومیٹر (d) ایران، بحر ہند، گوادر پورٹ، 900 کلومیٹر

-19 قانون کے لئے ضروری ہے:

(a) مذہبی آزادی اور برابری ✓ (b) مذہبی آزادی اور سخت پابندیٔ وقت

(c) مذہبی آزادی اور قانونی بے ضابطگی (d) مذہبی آزادی اور پابندیٔ وقت

-20 مون سون ہواؤں کے آغاز اور اختتام کے مہینے ہیں:

(a) جنوری اور مارچ (b) اپریل اور مئی (c) جولائی اور ستمبر ✓ (d) اکتوبر اور دسمبر

-21 ایوانِ بالا کہلاتی ہے:

(a) تعلیمی ادارے، خصوصی تعلیمی ادارے اور سڑکیں (b) تعلیمی ادارے، ہسپتال اور ریلوے

(c) خصوصی تعلیمی ادارے، ہسپتال اور بحری راستے
(d) ہسپتال، یتیم خانے اور سیر گاہیں ✓

22- گنا زیادہ تر کاشت کیا جاتا ہے:
(a) بلوچستان، کشمیر اور شمال مغربی سرحدی صوبہ
(b) پنجاب، بلوچستان اور سندھ
(c) پنجاب، سندھ اور شمال مغربی سرحدی صوبہ ✓
(d) شمالی علاقہ جات، شمال مغربی سرحدی صوبہ اور بلوچستان

23- N.G.O کے مقاصد میں شامل ہے:
(a) سماجی کام اور جانوروں کی لڑائی کے لئے آواز بلند کرنا
(b) سماجی کام اور انسانی لڑائیوں کے لئے آواز بلند کرنا
(c) سماجی کام اور انسانی حقوق کے لئے آواز بلند کرنا ✓
(d) سماجی کام اور پرندوں کی لڑائی کے لئے آواز بلند کرنا

24- پن بجلی کی مدد سے پیدا کی جاتی ہے:
(a) نہروں، ڈیم، سورج، گوادر
(b) سمندروں، ڈیم، سورج، کراچی
(c) دریا، ڈیم، سورج کی شعاعیں، مظفر گڑھ
(d) دریا، ڈیم، ٹربائن، منگلا ✓

25- سماجی مسائل ہیں:
(a) غربت، ناخواندگی اور بے روزگاری ✓
(b) غربت، سڑکیں اور بے روزگاری
(c) ناخواندگی، ہلال احمر اور غربت
(d) بے روزگاری، گرل گائیڈز اور نرسیں

26- 1971ء کی جنگ میں بھارت کا کردار تھا:
(a) اتحاد کے لئے آمادہ کیا اور آزادی کی تحریک شروع کروائی
(b) بغاوت کے لئے آمادہ کیا اور آزادی کی تحریک شروع کروائی ✓
(c) دولت اور صحت کے لئے آمادہ کیا
(d) اتحاد اور علم کے لئے آمادہ کیا

27- اہم ہیڈ ورکس، زرخیز میدان، فنی ماہرین، تعلیم یافتہ افراد، دفاعی ساز و سامان اور بھاری سرمایہ کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے:
(a) قیامِ پاکستان ✓
(b) قائداعظم کی وفات
(c) مسئلہ کشمیر
(d) قراردادِ پاکستان

28- منطقے کہتے ہیں:
(a) بارش کے لحاظ سے تقسیم حصوں کو
(b) خشکی کے لحاظ سے تقسیم حصوں کو
(c) آب و ہوا کے لحاظ سے تقسیم حصوں کو ✓
(d) سمندر کے لحاظ سے تقسیم حصوں کو

29- پاکستان کی کل آبادی کا 46.3 فیصد مشتمل ہے:
(a) 14 سال سے کم عمر لوگوں پر
(b) 15 سال سے کم عمر لوگوں پر ✓
(c) 16 سال سے کم عمر لوگوں پر
(d) 17 سال سے کم عمر لوگوں پر

30- سپر ہائی وے آپس میں ملاتی ہے:
(a) پشاور، ڈیرہ اسماعیل
(b) کراچی، اوڑمارہ
(c) کراچی، حیدرآباد ✓
(d) لاہور، ملتان

# پنجاب ایگزیمینیشن کمیشن پیپر 2009ء جماعت پنجم

پیپر: معاشرتی علوم (حصہ ب) کل وقت: 1 گھنٹہ

## انشائیہ سوالات

خصوصی ہدایات:

اس حصہ میں 4 انشائیہ سوالات ہیں۔ انشائیہ سوالات کے جوابات ہو بچہ اپنے نکتہ نظر سے دے گا۔ جواب لکھنے کے لئے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔

31 (a) ''آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ انسانیت کے لئے عملی نمونہ ہے'' کیا آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں۔ وضاحت کریں۔ 1+1

جواب: جی ہاں آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ انسانیت کے لئے عملی نمونہ ہے کیونکہ جن قوموں نے آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کی اُنہوں نے زندگی کے ہر میدان میں علوم و فنون اور تہذیب و تمدن کے جھنڈے گاڑے۔

(b) آنحضور ﷺ کی زندگی سے پانچ نکات تحریر کریں جن پر عمل کیا جا سکتا ہو۔ 5

جواب: آنحضور ﷺ کی زندگی سے پانچ نکات مندرجہ ذیل ہیں جن پر عمل کیا جا سکتا ہے:

1- آپ ﷺ بچوں پر شفقت فرماتے۔
2- بیمار کی خبر گیری اور حاجت مندوں کی حاجت پوری فرماتے۔
3- آپ ﷺ مہمان نواز اور صفائی کو پسند فرماتے۔
4- سادہ غذا کھاتے، اپنے گھر کے کام اپنے ہاتھ سے کرتے۔
5- ہر وقت ذکر خدا میں مصروف رہتے، راتوں کو اللہ کی عبادت کرتے۔

(c) ان نکات پر عمل کرنے سے کیا نتائج برآمد ہونگے؟ تین تحریر کریں۔ 3

جواب: 1- اللہ کے ذکر سے دُنیا و آخرت میں کامیابی حاصل ہوگی۔
2- بیمار کی خبر گیری کرنے سے اللہ خوش ہوگا اور ثواب ملے گا۔
3- سادگی سے انسان بہت سی مشکلات سے بچ جائے گا۔

32 (a) اَن پڑھ شخص کسے کہتے ہیں؟ 2

جواب: جو شخص پڑھنا لکھنا نہ جانتا ہو اسے اَن پڑھ شخص کہتے ہیں۔

(b) اَن پڑھ شخص کے بارے میں قرآن مجید میں کیا فرمان ہے؟ 2

جواب: اَن پڑھ شخص کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ''جاہل اور عالم کبھی برابر نہیں ہو سکتے''۔

(c) حکومت شرح خواندگی بڑھانے کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟ کوئی سے چھ اقدامات تحریر کریں۔ 6

جواب: حکومت شرح خواندگی بڑھانے کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کر رہی ہے:

1- حکومت زیادہ سے زیادہ سکول کھول رہی ہے۔
2- درسی کتب سکولوں میں ہر سال مفت تقسیم ہونے لگی ہیں۔
3- یونیفارم مفت دیا جانے لگا ہے۔
4- سرکاری مدارس میں کمپیوٹر کی تعلیم کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔
5- حکومت نے تعلیم عام کرنے کے لئے ہائی سکولوں اور کالجوں میں کیریئر کالجز کا اجرا بھی کیا ہے۔ جس میں لڑکے اور لڑکیاں بعد از دوپہر آ کر

تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

6- اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کو تربیت دے کر سکولوں اور کالجوں میں تعلیم دینے کے لئے بھیجا گیا ہے۔

33 (a) پاکستانی افواج اپنا کردار نہایت اچھے طریقے سے سرانجام دے رہی ہیں۔ کیا آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ 1+1

جواب: جی ہاں پاکستانی افواج اپنا کردار نہایت اچھے طریقے سے سرانجام دے رہی ہیں۔ جب بھی دُشمن نے ہمارے ملک کو میلی آنکھ سے دیکھا تو ہماری بہادر فوج نے اس کو منہ توڑ جواب دیا۔

(b) پاکستانی افواج کے کوئی سے پانچ کردار یا کام تحریر کریں۔ 5

جواب: 1- اپنے ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرنا۔

2- ملک میں امن و سلامتی قائم رکھنا۔

3- دُشمن ممالک کے ساتھ جنگ کر کے منہ توڑ جواب دینا۔

4- زلزلہ سیلاب اور دوسری ناگہانی آفات میں مدد کرنا۔

5- زمانہ جنگ اور امن میں قوم کی خدمت کرنا۔

(c) ان کرداروں یا کاموں کو مزید کیسے بہتر کیا جا سکتا ہے۔ تین ایسے اقدامات تجویز کریں جن پر عمل کیا جا سکتا ہو۔ 3

جواب: 1- جگہ جگہ چیک پوسٹ قائم کر کے ملک کی مزید حفاظت کی جا سکے۔

2- ان کو جدید اسلحہ فراہم کیا جائے۔

3- ان کی رہنمائی کے لیے باقاعدگی تنظیم کی جائے۔

34 (a) ''دُنیا میں پاکستان کے محل وقوع کی بہت زیادہ اہمیت ہے'' کیا آپ اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟ 1

جواب: جی ہاں پاکستان اپنے جغرافیائی محل وقوع کے اعتبار سے دُنیا میں بہت اہمیت کا حامل ہے۔ یہ مشرق اور مغرب کے درمیان سیاسی، دفاعی اور فوجی نقطہ نظر سے ایک اہم ملک ہے۔

(b) اپنے جواب کے حق میں پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت کے پانچ دلائل دیں۔ 5

جواب: پاکستان 14 اگست 1947ء کو بنا۔ پاکستان کے عالمی سطح پر اکثر ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں۔ پاکستان 1947ء میں اقوام متحدہ کا ممبر بنا اور شروع ہی سے دُنیا میں امن کا خواہاں رہا ہے۔ پاکستان کو عالمی طاقتیں بہت عزت اور اہمیت کی نگاہ سے دیکھتی ہیں کیونکہ اس کی جغرافیائی حدود بہت اہمیت کی حامل ہے۔ دُنیا میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف پاکستان ہر سطح پر آواز اُٹھاتا ہے اور ہر مسئلے کے حل کے لیے ہمیشہ بات چیت پر زور دیتا ہے۔ دُنیا میں مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرنا پاکستان اپنا فرض سمجھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کا وقار عالمی سطح پر بلند ہے۔

(c) کیا پاکستان کا محل وقوع اس کے دفاع اور اس کو مزید محفوظ بنانے میں کوئی مدد کرتا ہے۔ اپنے جواب کے حق میں چار دلائل دیں۔ 4

جواب: 1- جی ہاں! پاکستان کا محل وقوع اس کو دفاع کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

2- پاکستان سیاسی، دفاعی اور فوجی نقطہ نظر سے ایک اہم ملک ہے۔

3- اس کے مشرق اور مغرب کی طرف پہاڑی سلسلے اس کو دفاع کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

4- اس کی بندرگاہیں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔